www.understandquran.com

# سبق 41 میم ساکنہ ( مْ ) کے قاعدے

1. چھپانا (اخفاءِ شفوی): اگر میم ساکنہ کے بعد حرف باء آئے تو غنہ کے ساتھ اخفاء کیجیے اور دونوں ہونٹوں کو ملاتے ہوئے باء کہیے۔
اس کتاب میں چھپنے والے میم ساکنہ کے سکون کی نشانی (ۡ) عام سکون کی نشانی (ْ) سے تھوڑی سی مختلف ہے۔

| | |
|---|---|
| يَعِظُكُمۡ بِهٖ<br>وہ تم سب کو نصیحت کرتا ہے اس سے | وَتُزَكِّيۡهِمۡ بِهَا<br>اور تم پاک کرتے ہو ان سب کو اس سے |
| اَمۡ بَعِيۡدٌ | بَعۡضَهُمۡ بِبَعۡضٍ |
| اَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡكُفۡرِ | وَكَلۡبُهُمۡ بَاسِطٌ |
| فَاحۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ | اٰتَيۡتُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ |

2. ملانا (ادغام شفوی): جب میم ساکنہ کے بعد میم آئے تو دونوں میم کو غنّہ کے ساتھ ملا کر پڑھیے۔

| | |
|---|---|
| لَهُمۡ مَّا | عَلَيۡكُمۡ مِّنۡ |
| يَاۡتِكُمۡ مَّثَلُ | فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ |

3. بتانا (اظہار شفوی): جب میم ساکنہ کے بعد باء اور میم کے علاوہ دوسرے حروف آئیں تو اس میم ساکنہ کو بالکل صاف آواز میں ادا کریں گے۔
اہم نوٹ: جب حرف م جزم کے ساتھ و یا ف سے پہلے آئے، تو م کو واضح طور پر پڑھا جائے گا؛ کیونکہ م پڑھتے وقت اگر آپ توجہ نہ دیں تو احتمال رہتا ہے کہ آپ دونوں ہونٹوں کو نہ ملا پائیں گے۔

| | |
|---|---|
| عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ | هُمۡ فِيۡهَا |